## سوال

حائضہ کا قرآن سننا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حائضہ کےلیے قرآن مجید پڑھنا ناجائز ہے۔ بنات مدارس میں معلمات اور متعلّمات کےلیے ان کا تدریس پروگرام جاری وساری رکھنا ضروری ہے۔ کیا وہ سماعت کر سکتی ہیں۔ یا قرآن وحدیث کی کتب کو ہاتھ نہ لگائیں دور بیٹھ کر عبارت وغیرہ پڑھ سکتی ہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حائضہ قرآن مجید کو ہاتھ نہیں لگا سکتی اور نہ ہی اس کو چھو سکتی ہے کیونکہ حدیث میں ہے :

''أَن لاَّ یَمَسَّ الْقُرْآنَ إِلاَّ طَاہِرٌ''

''نہ چھوئے قرآن کو مگر پاک''

زبانی پڑھ سکتی ہے کوئی پڑھ رہا ہو تو سن بھی سکتی ہے حائضہ کے قرآن مجید کو پڑھنے کی ممانعت میں جو روایات پیش کی جاتی ہیں وہ پایہ ثبوت کو نہیں پہنچتیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

غسل کا بیان ج1ص96